# نماز کے بعد کے مسنون اذکار

eCard

اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ لِیْ عِصْمَةً وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ جَعَلْتَ فِیْھَا مَعَاشِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ نِقْمَتِکَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْکَ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَایَنْفَعُ ذَاالْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ.

یااللہ میرا دین درست کر دے جس کو تو نے میرے بچاؤ کا ذریعہ بنایا اور میری دنیا درست کر دے جس کو تو نے میری روزی کا ذریعہ بنایا۔ یااللہ میں پناہ مانگتا ہوں تیرے غصے سے تیری رضامندی کی اور پناہ مانگتا ہوں تیری سختی سے تیری معافی کی اور میں تجھ سے تیری ہی پناہ چاہتا ہوں تیرے دیے کو کوئی روکنے والا نہیں اور تیرے روکے کو کوئی دینے والا نہیں ہے اور نہیں فائدہ دے سکتی کسی بزرگی والے کو اس کی بزرگی۔ (سنن النسائی:1347)

## سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

کہہ دیجئے! وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ ہی وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے۔

## سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

کہہ دیجئے! میں پناہ لیتا ہوں صبح کے رب کی۔ ہر اس چیز کے شر سے جس کو اس نے پیدا کیا اور تاریک رات کے شر سے جب وہ چھا جائے اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

## سورۃ الناس

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِکِ النَّاسِ ○ اِلٰہِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

کہہ دیجئے! میں لوگوں کے رب کی پناہ چاہتا ہوں۔ لوگوں کے مالک کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے، بار بار پلٹ کر آنے والے کے شر سے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔ (سنن ابی داؤد:1523)

## نماز فجر کے بعد بغیر کلام کیے مانگی جانے والی دُعا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا (ایک بار)

اے اللہ! میں آپ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبولیت والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔ [ابن ماجہ:925]

AL-HUDA PUBLICATIONS

تاریخ اشاعت: یکم مارچ 2012ء، 7 ربیع الثانی 1433ھ

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن

اسلام آباد: 7-اے کے برو ہی روڈ H11/4 اسلام آباد، پاکستان فون: 1-4866130-51-92+ 9-4866125-51-92+

کراچی: 30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی، پاکستان فون: 34528548-21-92+ 34528547-21-92+

05010035

www.farhathashmi.com
www.alhudapk.com

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION

# نماز کے بعد کے مسنون اذکار

سلام پھیرنے کے بعد بلند آواز سے اللہ اکبر کہیے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ (ایک بار)

اللہ سب سے بڑا ہے [صحیح بخاری:842]

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ (تین بار)

میں اللہ سے بخشش طلب کرتا ہوں [صحیح مسلم:1334]

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ
تَبَارَکْتَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (ایک بار)

اے اللہ! تو سلامتی والا ہے، اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے۔
اے بزرگی اور عزت کے مالک! تیری ذات بڑی بابرکت ہے۔ [صحیح مسلم:1335]

رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ
وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ. (ایک بار)

اے میرے رب! اپنا ذکر، شکر اور بہترین عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔ [سنن النسائی:1304]

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط اَللّٰھُمَّ
لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا
یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ (ایک بار)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔
اے اللہ! نہیں کوئی روک سکتا جو آپ عطا کرنا چاہیں اور نہیں کوئی دے سکتا
جو آپ نہ دینا چاہیں اور نہیں فائدہ دے سکتی کسی بزرگی
والے کو اس کی بزرگی۔ [صحیح بخاری:6330]

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہُ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط لَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ لَہُ
النِّعْمَۃُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا
اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ (ایک بار)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ تمام بادشاہت اسی کے لیے ہے اور تمام تعریف اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔ گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ کی طرف سے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور ہم کسی کی عبادت نہیں کرتے سوائے اس کے۔ تمام نعمتیں اور تمام فضل اسی کی طرف سے ہے اور تمام بہترین تعریف اسی کے لیے ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے ہم اسی کے لیے دین کو خالص کرنے والے ہیں اگرچہ کافروں کو ناپسند ہو۔ [صحیح مسلم :1343]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِکَ
اَنْ اُرَدَّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَۃِ
الدُّنْیَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ (ایک بار)

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں بے بسی کی عمر کی طرف لوٹا دیا جاؤں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں عذابِ قبر سے۔ [صحیح بخاری:2822]

| سُبْحَانَ اللّٰہِ | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ | اَللّٰہُ اَکْبَرُ |
|---|---|---|
| (33 بار) | (33 بار) | (34 بار) [صحیح مسلم :1349] |
| اللہ پاک ہے۔ | تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔ | اللہ سب سے بڑا ہے۔ |

# آیت الکرسی

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ
ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ
وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا
بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا
یَؤُدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ O (ایک بار)

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور قائم رہنے والا ہے، اُسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند، اُسی کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے، کون ہے جو اُس کی اجازت کے بغیر اُس کے سامنے شفاعت کر سکے وہ جانتا ہے جو ان کے آگے اور پیچھے ہے، اور وہ اِس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اس کے جو وہ چاہے، اُس کی کرسی آسمانوں اور زمین تک وسیع ہے اور ان دونوں کی حفاظت اُسے نہیں تھکاتی اور وہ بہت بلند اور بہت عظمت والا ہے۔ [المعجم الکبیر للطبرانی، ج :8:7532]

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION